ہو سکتی ہے۔ یہ کتاب بھی اس لائق ہے کہ اسلامی سکول اور مدارس اس سے فائدہ اٹھائیں۔

بوئے گل | از جناب اکمل جالندھری تقطیع خورد ضخامت ۱۹۲ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عہ پتہ:۔ قصر اُردو اُردو بازار دہلی۔ یہ کتاب اکمل صاحب کی غزلوں نظموں رباعیات اور قطعات کا مجموعہ ہے۔ اگرچہ اکمل صاحب کے نام اور اُن کے کلام سے ہمارا تعارف پہلی مرتبہ اسی کتاب کے ذریعہ ہوا ہے لیکن اس مجموعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ غزل اور نظم دونوں کے کامیاب اور بلند پایہ شاعر ہیں اُن کے کلام میں بڑی پختگی اور کامل درجہ کی فنکاری پائی جاتی ہے حسن و عشق کے واردات بڑے رکھ رکھاؤ سے بیان کئے ہیں خیالات صاف ستھرے اور بلند ہیں۔ زبان شگفتہ اور رواں ہے ترکیبوں میں ایچ پیچ نہیں۔ الفاظ کیا ہیں؟ کسی کی انگشتِ حنائی میں ہیرے کی انگوٹھی ہیں۔ شاعر کے اخلاقی کردار کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ ہندو اوتاروں اور پیشواؤں کے ساتھ شاعر نے مستقل نظموں کے ذریعہ خراج عقیدت و محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔ امام حسین۔ اور ڈاکٹر اقبال کی خدمت میں بھی پیش کیا ہے ارباب ذوق کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے

دین اور ادب | از مولانا فضل الرحمٰن صدیقی حسن پوری تقطیع خورد ضخامت ۱۲۷ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ کتب خانہ سراج العلوم مولوی گنج دھولیہ (مغربی خاندیش)

یہ کتاب چند متفرق علمی مذہبی اور ادبی مضامین کا مجموعہ ہے جو مؤلف نے مختلف عنوانات پر لکھے ہیں ان میں سے ہر عنوان ایک مستقل کتاب کا موضوع بن سکتا ہے اور بعض پر تو بالفعل مستقل کتابیں موجود بھی ہیں مثلاً "فتنۂ انکار حدیث" "اسلامی عہد کی علمی خدمات" "فلسفۂ شہادت"، "اردو ادب اور اہل مغرب" اکبر اور اقبال ظرافت کے میدان میں" اس بنا پر اس مجموعہ کی حیثیت ان نوٹوں کی ہے جو استاد کسی موضوع پر لکچر دیتے وقت شاگردوں کو لکھوا دیتا ہے اور اس حیثیت سے جناب مؤلف کی یہ کوشش لائق قدر ہے۔